میڈیا آفس
حزب التحریر
ولایہ پاکستان

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

﴿وَعَدَ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا مِنكُمْ وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي الْأَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِينَهُمُ الَّذِي ارْتَضَىٰ لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُم مِّن بَعْدِ خَوْفِهِمْ أَمْنًا يَعْبُدُونَنِي لَا يُشْرِكُونَ بِي شَيْئًا وَمَن كَفَرَ بَعْدَ ذَٰلِكَ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْفَاسِقُونَ﴾

حزب التحریر
HIZB UT TAHRIR

منگل، 26 ذی الحج، 1440ھ | 27/08/2019 | نمبر 1440/80

پریس ریلیز

مقبوضہ کشمیر کے مسلمانوں کے ساتھ اظہارِ یکجہتی کا تقاضہ خاموش مظاہرے نہیں بلکہ افواج پاکستان کے شیروں کی دھاڑ اور جارحانہ حملہ ہے

مقبوضہ کشمیر میں ہندو افواج بغیر کسی پریشانی، خوف اور رکاوٹ کے اپنے قبضے کو مستحکم کر رہی ہیں جبکہ پاکستان کی بزدل اور بصیرت سے عاری حکومت خاموش مظاہروں کا اعلان کر رہی ہے۔ مقبوضہ کشمیر کے مسلمان گذشتہ تین ہفتوں سے اپنے گھروں میں قید ہیں، ان کے پاس موجود خوراک اور ادویات ختم ہوتی جارہی ہیں اور ان کا بیرونی دنیا سے رابطہ مکمل طور پر منقطع ہے۔ اس صورتحال پر عمران خان نے قوم سے اپنے خطاب میں اعلان کیا کہ "ہر ہفتے آدھے گھنٹے کے لیے پوری قوم سڑکوں پر آکر کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کرے گی، اسکول، کالجز، یونیورسٹی اور دفاتر میں لوگوں کو نکلنا ہے۔۔۔۔ ان کو بتانا ہے کہ جب تک ان کو آزادی نہیں ملتی ہمیں کھڑا ہونا ہے"۔ خاموش مظاہروں کا اعلان مقبوضہ کشمیر کے مسلمانوں کے زخموں پر نمک چھڑکنے کے مترادف ہے جبکہ اسلام ہم سے یہ مطالبہ کرتا ہے کہ ہماری افواج کے شیر دھاڑتے ہوئے ظالم پر حملہ آور ہو جائیں۔ اللہ سبحانہ و تعالیٰ نے فرمایا، وَمَا لَكُمْ لَا تُقَاتِلُونَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ وَالْمُسْتَضْعَفِينَ مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَاءِ وَالْوِلْدَانِ الَّذِينَ يَقُولُونَ رَبَّنَا أَخْرِجْنَا مِنْ هَٰذِهِ الْقَرْيَةِ الظَّالِمِ أَهْلُهَا وَاجْعَل لَّنَا مِن لَّدُنكَ وَلِيًّا وَاجْعَل لَّنَا مِن لَّدُنكَ نَصِيرًا "اور تم کو کیا ہوا ہے کہ اللہ کی راہ میں اور اُن بے بس مردوں اور عورتوں اور بچوں کی خاطر نہیں لڑتے جو دعائیں کیا کرتے ہیں کہ اے پروردگار ہم کو اس شہر سے جس کے رہنے والے ظالم ہیں نکال کر کہیں اور لے جا۔ اور اپنی طرف سے کسی کو ہمارا حامی بنا۔ اور اپنی ہی طرف سے کسی کو ہمارا مددگار مقرر فرما" (النساء 4:75)۔

اے پاکستان کے مسلمانو! ہندو ریاست نے اپنی وحشی افواج کے درندوں کو مقبوضہ کشمیر میں ہمارے بھائیوں اور بہنوں پر کھلا چھوڑ دیا ہے لیکن ہمارے موجودہ حکمران ہم سے یہ چاہتے ہیں کہ ہم خاموش رہیں اور ہماری افواج دشمن کے ظلم اور جارحیت پر "تحمل" کا مظاہرہ کرتے ہوئے کوئی جواب نہ دیں جبکہ اللہ سبحانہ و تعالیٰ نے حکم دیا ہے، **وَاقْتُلُوهُمْ حَيْثُ ثَقِفْتُمُوهُمْ وَأَخْرِجُوهُم مِّنْ حَيْثُ أَخْرَجُوكُمْ "اور ان کو جہاں پاؤ قتل کر دو اور جہاں سے انہوں نے تم کو نکالا ہے وہاں سے تم بھی ان کو نکال دو"** (البقرۃ 2:191)۔ موجودہ حکمران مسئلہ کشمیر کو اقوام متحدہ لے جانے پر فخر کا اظہار کرتے ہیں، وہ اقوام متحدہ جس نے ہر اُس ظالم کی مدد کی ہے جس نے مسلم امت کو نقصان پہنچانے کی کوشش کی، جبکہ اللہ سبحانہ و تعالیٰ نے فرمایا، **وَلَن يَجْعَلَ اللَّهُ لِلْكَافِرِينَ عَلَى الْمُؤْمِنِينَ سَبِيلًا "اللہ نے ایمان والوں کو یہ اجازت نہیں دی کہ وہ کفار کو اپنے معاملات میں کوئی اختیار دیں"** (النساء 4:141)۔ موجودہ حکمران مغربی استعماریوں کی نظر میں عزت حاصل کرنا چاہتے ہیں جو اپنی صلیبی فطرت کی وجہ سے ہمارے عظیم دین سے شدید نفرت کرتے ہیں، یہ حکمران جہاد سے کنارہ کش ہو گئے ہیں جبکہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، **«مَا تَرَكَ قَوْمٌ الْجِهَادَ إِلاّ ذُلّوا» "جس قوم نے جہاد چھوڑا وہ ذلیل و رسوا ہوئی"** (احمد)۔ ہم میں سے جو بھی کشمیر میں ہونے والے ظلم اور ذلت کا خاتمہ چاہتا ہے تو اسے نبوت کے طریقے پر خلافت کے قیام کی جدوجہد کا حصہ بننا چاہیے۔ یہ صرف خلافت ہی ہو گی جو ہمارے دلوں میں دشمن کا خوف نہیں بلکہ دشمن کے دلوں میں ہمارا خوف پیدا کرے گی۔ یہ صرف خلافت ہی ہو گی جو معاشی فوائد کے بدلے میں مظلوم کو بیچنے کے بجائے ہماری حوصلہ افزائی کرے گی کہ ہم اپنی دولت کے ذریعے اپنی افواج کی مدد کریں جب وہ مظلوموں کی حمایت میں حرکت میں آئیں۔ اور یہ صرف خلافت ہی ہو گی جو ایک فیصلہ کن کامیابی کے حصول کے لیے ہماری افواج کے شیروں کو حرکت میں لائے گی تا کہ وہ رسول اللہ ﷺ کا جھنڈا سرینگر پر لہرا دیں، اور غمزدہ دلوں کو خوشی و راحت سے لبریز کریں اور ہماری دعائیں حاصل کریں۔

ولایہ پاکستان میں حزب التحریر کا میڈیا آفس

ویب: www.hizb-pakistan.com | انسٹاگرام: https://instagram.com/HTmediaPAK01 | ای میل: HTmediaPAK@gmail.com
فیس بک: https://Facebook.com/HTmediaPAK01 | ٹویٹر: http://Twitter.com/HTmediaPAK
پوڈکاسٹ: https://anchor.fm/HTmediaPAK | واٹس ایپ نمبر: +90-531-814-7385
حزب التحریر آفیشل ویب پیج: http://www.hizb-ut-tahrir.org:
حزب التحریر میڈیا آفس ویب پیج: http://www.hizb-ut-tahrir.info: